بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسجد میں نماز پڑھنے کے بعد جنازہ پڑھے بغیر چلے جانا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

مسجد میں نماز کے لئے گئے، نماز کے بعد نمازِ جنازہ کا اعلان ہوا لیکن اگر کوئی شخص نمازِ جنازہ ادا کئے بغیر چلا جائے، تو کیا حکم ہے؟

جواب

مسجد میں نماز پڑھنے گئے اور وہاں بعد نماز کسی کا جنازہ ہونا ہے تو ہر نمازی پر یہ واجب نہیں کہ نماز جنازہ ادا کرے، کیونکہ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے کہ بعض مسلمانوں نے پڑھ لی تو سب کی طرف سے ہوگئی اور نہ پڑھنے والے پر کوئی گناہ نہ ہوا۔ ہاں جو جنازے کے ساتھ گیا ہو تو اسے بغیر نماز پڑھے واپس نہیں آنا چاہئے۔

فتاویٰ ہندیہ میں ہے: ”ولا ینبغی أن یرجع من جنازة حتی یصلی علیه“ یعنی جنازے سے اس وقت تک واپس لوٹنا مناسب نہیں جب تک کہ اس پر نماز نہ پڑھ لے۔ (الفتاوی الھندیۃ، جلد 1، صفحہ 165، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2481

تاریخ اجراء: 05 ربیع الآخر 1447ھ/29 ستمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net